نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729,E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment


## پریس ریلیز

### وزیر زراعت ولائیو سٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیر صدارت ایگر یکلچر ہاؤس لاہور میں اعلیٰ سطحی اجلاس کا انعقاد

### اجلاس میں وزیر اعلی پنجاب کسان پیکج بارے تجاویز کو آئندہ بجٹ کے حوالے سے حتمی شکل دی گئی

### وزیر اعلیٰ پنجاب کے کسان دوست منصوبوں سے کاشتکار خود کفیل اور خوشحالی کی منازل طے کر رہے ہیں۔ وزیر زراعت ولائیو سٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی

**لاہور:12 مارچ 2025:** صوبائی وزیر زراعت ولائیو سٹاک سید عاشق حسین کرمانی کی زیر صدارت ایگر یکلچر ہاؤس لاہور میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں بجٹ 2025-26 کے لیے وزیر اعلیٰ پنجاب کے زرعی شعبہ کی ترقی کے منصوبوں سے متعلق تجاویز کو حتمی شکل دی گئی۔ اجلاس میں ٹرانسفارمنگ پنجاب ایگر یکلچر پروگرام کے تحت وزیر اعلی پنجاب ہائی ٹیک میکانائزیشن بینک فنانسنگ پروگرام ودیگر منصوبوں بارے غور کیا گیا۔ اجلاس میں سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو بھی موجود تھے۔

اس موقع پر وزیر زراعت ولائیو سٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب صوبہ میں زرعی میکانائزیشن کے فروغ کے لیے پر عزم ہیں۔ زرعی میکانائزیشن کے فروغ کیلئے آئندہ دو سالوں میں 35 ارب روپے کی فنانسنگ کی جائے گی۔ اس پروگرام کے تحت کسانوں / سروس پروائیڈرز کو 5 کروڑ روپے تک کا بلا سود قرضہ بینکوں کے ذریعے فراہم کیا جائے گا۔انھوں نے کہا کہ اس اسکیم کے تحت ایسے چھوٹے سروس پروائیڈرز جن کے پاس دو یا تین پرانی زرعی مشینیں ہوں گی انھیں ایک نئی مشین دی جائے گی۔ صوبائی وزیر نے فیلڈ ونگ (محکمہ زراعت) کو ڈویژن کی سطح پر سروس پروائیڈرز کے ساتھ رابطہ کر کے انہیں اس پروگرام کی افادیت اور اس سے مستفید ہونے سے متعلق معلومات فراہم کرنے کی ہدایت کی۔ اس پروگرام کو اگلے مالی سال کے بجٹ میں پائلٹ پراجیکٹ کے طور پر لانچ کیا جائے گا۔ اجلاس میں وزیر زراعت پنجاب نے کہا کہ صوبہ میں تمام مشینیں فراہم کرنے والے ڈیلرز کو رجسٹرڈ کرنے کی بھی ہدایات دیں۔ انھوں نے کہا کہ کسان کارڈ کے دوسرے مرحلہ میں چھوٹے اور درمیانے درجے کے 25 ایکڑ تک اراضی رکھنے والے کاشتکاروں کو شامل کیا جائے گا اور فی ایکڑ قرض کی حد میں اضافہ کر کے 40 ہزار روپے رکھی جائے گی اور پروسیسنگ فیس کو بھی کم کیا جائے گا تاکہ کسان دوست اسکیم کے

تحت زیادہ سے زیادہ کاشتکار اس سے فائدہ اٹھا سکیں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کے تحت دوسرے مرحلہ کے دوران 75 ارب روپے کی رقم مختص کی جائے گی۔ انھوں نے کہا کہ کھاد، بیج اور زرعی ادویات کے ساتھ ڈیزل خریدنے کی سہولت بھی کاشتکار کو دستیاب ہو گی۔ وزیر اعلی پنجاب گرین ٹریکٹر پروگرام کے تحت اب تک 8300 کسانوں کو ٹریکٹرز ڈلیور ہو چکے ہیں اور باقی تمام کاشتکاروں کو 31 مارچ تک ٹریکٹرز فراہم کر دیئے جائیں گے۔ گرین ٹریکٹر پروگرام کیلئے اگلے مالی سال میں 60 ہارس پاور سے 85 ہارس پاور کے مزید 9500 ٹریکٹرز کسانوں کو فراہم کیے جائیں گے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب سولرائزیشن آف زرعی ٹیوب ویلز پروگرام کے تحت وزیر اعلی پنجاب کی جانب سے ڈیجیٹل قرعہ اندازی کے ذریعے 8 ہزار کسانوں کو الاٹمنٹ لیٹرز جاری کر دیے گئے ہیں۔ صوبائی وزیر زراعت نے مزید کہا کہ پنجاب میں 4 ماڈل ایگریکلچر مالز کے قیام کے سلسلے میں تعمیراتی کام تکمیل کے آخری مراحل میں ہے ساہیوال کا مال 15 اپریل تک مکمل ہو جائے گا۔ جبکہ حکومت نے اگلے مالی سال کے بجٹ میں 10 ماڈل ایگریکلچر مالز تعمیر کرنے کا منصوبہ بنایا ہوا ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کے زیادہ گندم اُگاؤ پروگرام کے تحت ایک ہزار ٹریکٹرز کے لیے اب تک 21 ہزار 500 کسانوں کی تصدیق مکمل ہو گئی ہے جن میں سے ایک ہزار خوش نصیب کاشتکاروں کو مفت ٹریکٹر کی فراہمی کیلئے اس ماہ ڈیجیٹل قرعہ اندازی کی جائے گی۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کے سموگ کنٹرول پروگرام کے تحت 1 ہزار سپر سیڈرز کی فراہمی مکمل ہو چکی ہے۔ اس پروگرام کے دوسرے مرحلہ کے دوران اب تک 2 ہزار کاشتکاروں کو سپر سیڈرز کی فراہمی کیلئے الاٹمنٹ لیٹرز جاری کر دیئے گئے ہیں جبکہ اگلے مالی سال کے بجٹ میں بھی کاشتکاروں کو 5 ہزار سپر سیڈرز فراہم کیے جائیں گے۔ صوبائی وزیر زراعت نے مزید کہا کہ اگلے مالی سال کے بجٹ میں 2 ہزار زرعی گریجویٹس کو انٹرن شپ پر بھرتی کیا جائے گا۔ مزید براں، ان تمام منصوبوں کی حتمی منظوری وزیر اعلی پنجاب دیں گی۔ اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ زراعت کے شعبہ میں جدید مشینری کے استعمال کے بغیر پیداواری اہداف کا حصول ممکن نہیں ہے۔ وزیر اعلی پنجاب ہائی ٹیک میکنائزیشن پروگرام کے تحت 10 اقسام کی مشینری سروس پرووائیڈرز کے ذریعے کرایہ پر فراہم کی جائے گی تاکہ صوبہ میں زرعی میکانائزیشن کو فروغ مل سکے۔

اجلاس میں اسپیشل سیکرٹری زراعت آغا نبیل اختر، ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (پلاننگ) کیپٹن (ر) وقاص رشید، ڈائریکٹر جنرلز زراعت نوید عصمت کاہلوں، چوہدری عبد الحمید، ساجد اور بنک آف پنجاب کے نمائندوں سمیت دیگر افسران بھی موجود تھے۔

☆☆☆☆